سوال

(370) کسی مسلمان کے پاس دوہزارروپے ہیں کیا وہ بھی زکوۃ دے گا؟

جواب

السلام علیکم ورحمة الله وبرکاته

کسی مسلمان کے پاس صرف ۲۰۰۰ (دوہزارروپیہ) ہے کیا وہ بھی زکوٰۃ دے گا؟ (محمد صدیق تلیاں، ایبٹ آباد) (۱۸ جون ۱۹۹۹ء)

الجواب بعون الوهاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة الله وبرکاته!

الحمد لله، والصلاة والسلام علىٰ رسول الله، أما بعد!

زکوٰۃ ساڑھے باون تولہ چاندی یا اس کی قیمت پر واجب ہوتی ہے۔ ظاہر ہے کہ دوہزارروپے آج کل اس کی قیمت سے کم ہیں لہٰذا اس میں زکوٰۃ واجب نہیں۔

هذا ما عندي والله أعلم بالصواب

فتاویٰ حافظ ثناء اللہ مدنی

جلد: 3، کتاب الصوم : صفحہ: 313

محدث فتویٰ